فاریکس ٹریڈنگ
اُردو بُک
ترتیب وتدوین
محمد کاشف اکرم
Urdu Soft Books
www.urdusoftbooks.com

فوریکس ٹریڈنگ شروع کرنے سے قبل

اس کو پڑھ لیں تا کہ آپ کو اندازہ ہو جائے

کہ فوریکس ہے کیا؟ آپ کے لئے مفید بھی

ہے یا نہیں۔

مصنف:

محترم قارئین

اگر آپ کو ہماری یہ کتاب اچھی لگے تو ہماری حوصلہ افزائی کے لیے

Google پر جا کر Urdu Books سرچ کر کے ہماری ویب سائٹ

www.urdusoftbooks.com کو ایک مرتبہ وِزٹ کر لیں

اگر آپ کو ہماری ویب سائٹ Google کے پہلے پیج پر نظر نہ آئے تو

دوسرے یا تیسرے پیج پر چیک کر لیں،

وہاں آپ کو مزید اچھی کُتب ڈاؤن لوڈ کرنے کو ملیں گی۔ شُکریہ

Google | urdu books

Web | Images | Books | Videos | News | More | Search tools

Page 2 of about 17,100,000 results (0.24 seconds)

Urdu Books - Pakistan Browse
www.bizbrowse.com/books/
The largest selection of Urdu literature online, Urdu afsaney, short stories, novels, free books, introduction of new books, mazamin of new writers and more... no ...

Urdu Islamic Books - Quran Urdu
www.quranurdu.com/books/urdu_books/
Deenyaat. دینیات. Kitaab-us-Soum, کتاب الصوم. Tauheed aur Rasaalat, توحید اور رسالت. Salamti ka Rasta, سلامتی کا راستہ. Islam aur Jahiliat, اسلام اور جاہلیت.

Urdu Books | PDF Books | Urdu Novels | Islamic Books ...
www.urdusoftbooks.com/
Download or read online Urdu Books, PDF Books, Urdu Novels, Islamic Books, Computer Books, English to Urdu Dictionary, Free Urdu Digest at ...

Urdu Books
www.islamicbookstore.com/arabic-urdu-urdu-books.html
Urdu books below are arranged according to subject: UB = Urdu Biographies/History; UH = Urdu Hadith; UQ = Urdu Qur'an; UE = Ebadat et al; UT = Urdu ...

ابتدائیہ

وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ جہاں انسانی طرز معاشرت میں تبدیلیاں آتی ہیں وہاں طرز معاش میں بھی نئے نئے ذریعے متعارف ہوتے ہیں۔ اسٹاک ایکسچینج میں عام آدمی کی دلچسپی اور رسائی کے بعد فوریکس کو متعارف کروایا گیا۔ اگرچہ فوریکس ٹریڈنگ زیادہ پرانی نہیں مگر یہ صرف بنکوں اور مالیاتی اداروں تک محدود تھی۔ انٹرنیٹ کی عام آدمی تک رسائی کے بعد فوریکس ٹریڈنگ کے دروازے بھی عام آدمی کیلئے کھول دیئے گئے۔ سینکڑوں بروکرز بھی وجود میں آ گئے۔ ایک بٹن دبانے سے غیر معمولی آمدنی شروع کرنے اور ملیونیر بننے جیسے پرکشش اشتہارات نے عوام الناس کی بڑی تعداد کو اپنی طرف راغب کیا۔ مگر فوریکس کی مناسب تعلیم نہ ہونے، ریئل اکاؤنٹ سے پہلے ناکافی پریکٹس اور ناکافی سرمائے اور ایک اچھے ٹریڈر کی خصوصیات پیدا نہ کرنے کی وجہ سے 90 فیصد لوگ اپنے اصل سرمائے سے ہی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ چنانچہ آپ کی رہنمائی کے لئے یہ ای بک لکھی ہے اس کے مطالعے سے آپ کو علم ہو جائے گا کہ فوریکس ٹریڈنگ آپ کے لئے موزوں ہے یا نہیں۔ یہ ای بک فوریکس کی مکمل تعلیم کے لئے ہرگز نہیں بلکہ صرف ابتدائی تعلیم ہے۔ اگر آپ فوریکس ٹریڈنگ کا شوق رکھتے ہیں تو زیادہ سے زیادہ تعلیم

فوریکس کیا ہے؟

اگر آپ کو کبھی کسی غیر ملک جانے کا اتفاق ہو تو ایر پورٹ پر آپ کو کرنسی ایکسچینج کی دوکان نظر آئے گی۔ آپ کاونٹر پہ جاتے ہیں تو آپ کو ایک بورڈ نظر آتا ہے اس پر مختلف ممالک کی کرنسیوں کے ریٹ لکھے ہوتے ہیں۔ آپ ریٹ لسٹ کے مطابق روپے دے کر مطلوبہ کرنسی حاصل کرتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں اسے فارن ایکسچینج کہتے ہیں یعنی ایک کرنسی بیچ کر دوسری کرنسی خریدتے ہیں۔ مختصرا" اسے فوریکس کہتے ہیں۔ فوریکس مارکیٹ دنیا کی سب سے بڑی مارکیٹ ہے۔ایک اندازے کے مطابق روزانہ ٹریلین ڈالر کا اس مارکیٹ میں لین دین ہوتا ہے۔ جب کہ دنیا کی سب سے بڑی اسٹاک مارکیٹ نیویارک اسٹاک ایکسچینج میں روزانہ تقریبا" 22.4 بلین ڈالر کا لین دین ہوتا ہے۔

اوپر کے موازنہ سے آپ فوریکس مارکیٹ کے حجم کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

فوریکس میں آخر کس چیز کا لین دین ہوتا ہے؟

جواب سیدھا سا ہے کہ کرنسیوں کا۔ لیکن چونکہ آپ کا حقیقت میں کرنسیوں سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا اس لئے آپ کنفیوزن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اسٹاک مارکیٹ میں آپ دیکھتے ہیں کہ گوگل مالی طور پر مستحکم ہے اور اس کے شیئرز کی قیمت بڑھ رہی ہے تو آپ گوگل کے شیئرز خرید لیتے ہیں۔ آپ نے شیئرز تو خرید لیئے مگر گوگل کے مالک تو نہیں بن گئے۔ اسی طرح فوریکس میں آپ کسی کرنسی کے صرف شیئرز خریدتے ہیں کرنسی کے مالک نہیں بن جاتے۔ فوریکس میں بڑی بڑی کرنسیاں درج ذیل ہیں :-

علامت	ملک	کرنسی	معروف نام
USD	امریکہ	ڈالر	بک یا گرین بک
EUR	یورپی یونین	یورو	فائبر

ین	ین	جاپان	JPY
کیبل	پاونڈ	برطانیہ	GBP
سویزی	فرانک	سوئٹزرلینڈ	CHF
لونی	کینیڈین ڈالر	کینیڈا	CAD
آزی	آسٹریلین ڈالر	آسٹریلیا	AUD
کیوی	نیوزی لینڈ ڈالر	نیوزی لینڈ	NZD

ہر کرنسی تین حروف پر مشتمل ہوتی ہے بائیں طرف کے دو حروف ملک کے نام اور دایاں حرف کرنسی کو ظاہر کرتا ہے مثلا" NZD میں NZ نیوزی لینڈ اور D ڈالر کو ظاہر کرتا ہے۔

کرنسیوں کی ٹریڈنگ ہمیشہ جوڑوں میں ہوتی ہے۔

فوریکس میں جب بھی ٹریڈنگ ہوتی ہے ایک ہی وقت میں ایک کرنسی کو خریدا جاتا ہے اور دوسری کو بیچا جاتا ہے۔ مثلا" EUR/USD ۔ AUD/USD ۔ USD/JPY وغیرہ۔ ٹریڈنگ بروکر کے ذریعہ ہوتی ہے۔ کرنسی جوڑوں کو یا تو خریدا جاتا ہے یا بیچا جاتا ہے۔ جو کرنسی طاقتور ہوتی ہے وہ خریدی جاتی ہے اور کمزور کرنسی بیچی جاتی ہے۔ کسی کرنسی کی طاقت یا کمزوری کا اندازہ اس ملک کی پیداوار، افراط زر، روزگار جیسے عوامل سے لگایا جاتا ہے۔

کرنسی جوڑوں کو تین اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1 میجرز (جس میں ایک کرنسی امریکن ڈالر ہو) مثلا" EUR/USD , GBP/USD

, AUD/USD, NZD/USD, USD/CHF, USD/CAD, USD/JPY

2 کراس (جس میں کوئی کرنسی بھی امریکن ڈالر نہ ہو) مثلاً" CAD/JPY, NZD/JPY

EUR/GBP, EUR/JPY, AUD/NZD وغیرہ۔

3 ۔ ایگزوٹک Exotic (ان میں ترقی پذیر ممالک کی کرنسیاں ہوتی ہیں) مثلاً" USD/HKD

USD/SGD, USD/ZAR, USD/NOK, USD/DKK, USD/SEK

HKD ہانگ کانگ ڈالر۔SGD سنگاپور ڈالر۔ ZAR ساؤتھ افریقن رانڈ۔NOK نارویجین

کرون۔DKK ڈنمارک کرون۔ SEK سویڈن کرون۔

فوریکس مارکیٹ سائز اور لیکیوڈیٹی

ممبائی کراچی لندن نیویارک وغیرہ کے سٹاک ایکسچینج خاص مقام اور وقت میں لین دین کرتے ہیں جبکہ فوریکس الیکٹرونک بینکنگ کے ذریعے24 گھنٹے پیر سے جمعہ تک جاری رہتی ہے۔ آیئے جائزہ لیتے ہیں کہ کونسی کرنسی کی ٹریڈنگ زیادہ ہوتی ہے اور کونسی کرنسی کی ٹریڈنگ کم ہوتی ہے۔

اس چارٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہلے نمبر پر امریکن ڈالر دوسرے نمبر پر یورو تیسرے نمبر پر ین کی ٹریڈنگ ہوتی ہے۔

ڈالر بادشاہ ہے

آپ نے یقیناً" نوٹ کیا ہو گا کہ ہم بار بار ڈالر کا ذکر کر رہے ہیں۔ اگر تمام میجرز کا آدھا حصہ ڈالر پر مشتمل ہو تو توجہ دینی ہی پڑے گی آخر ڈالر بادشاہ ہے۔

Currency Composition of World FX Reserves

ڈالر کی اہمیت کی چند وجوہات درج ذیل ہیں:-

- امریکہ کی معیشت دنیا کی سب سے بڑی معیشت ہے۔
- تمام ممالک اپنے ریزروز ڈالر میں رکھتے ہیں۔
- امریکہ کا سیاسی نظام سب سے زیادہ مستحکم ہے۔
- سب سے بڑی فوجی طاقت ہے۔
- تمام ممالک کی تجارت ڈالر میں ہوتی ہے۔

فوریکس کے فوائد

فوریکس میں چند خصوصیات یہ ہیں جو اسے دوسرے اون لائن بزنس سے ممتاز کرتی ہیں۔

نو کمیشن فوریکس میں کوئی کلیرنگ فیس، ایکسچینج فیس، گورنمنٹ کی فیس یا بروکر کی فیس نہیں ہوتی۔ہاں کرنسی کی قیمت خرید اور فروخت کا فرق ہوتا ہے جو بروکر وصول کرتا ہے۔

نو مڈل مین فوریکس میں آپ کی رسائی براہ راست بروکر کے مہیا کئے گئے پلیٹ فارم تک ہوتی ہے جہاں بغیر کسی کی مداخلت کے آپ آزادی سے ٹریڈنگ کر سکتے ہیں۔

ٹریڈنگ سائز فوریکس میں آپ اپنی مرضی سے سرمایہ کے مطابق ٹریڈنگ سائز اختیار کر سکتے ہیں۔

24 گھنٹے ٹریڈنگ فوریکس مارکیٹ پیر کو آسٹریلیا کے صبح 8 بجے شروع ہوتی ہے اور جمعہ کو نیویارک کی شام تک کھلی رہتی ہے۔ تو آپ کو جب بھی فرصت ملے رات کو بستر میں لیٹ کر بھی ٹریڈنگ کر سکتے ہیں۔

کوئی انفرادی طور پر فوریکس کو کنٹرول نہیں کر سکتا فوریکس مارکیٹ اتنی بڑی ہے کہ کوئی چھوٹا یا بڑا ٹریڈر اس پہ اثر انداز نہیں ہو سکتا حتی کہ کوئی بنک بھی مارکیٹ کو اپنی مرضی سے تبدیل نہیں کر سکتا۔

لیوریج کی مثال ایسے ہے جیسے ایک بہت بڑا پتھر ہو جسے پانچ آدمی بھی ہلا نہ سکیں وہی پتھر ایک آدمی لیور کی مدد سے باآسانی حرکت دے سکتا ہے۔ آپ 50 ڈالر کی مدد سے 2500 ڈالر کی ٹریڈ کر سکتے ہیں 500 ڈالر سے 25000 ڈالر کی ٹریڈ کر سکتے ہیں۔ مگر یاد رکھیں لیوریج

دو دھاری تلوار کی مانند ہوتی ہے۔ بغیر مناسب منی مینجمنٹ کے آپ کا اکاونٹ منٹوں میں اڑ سکتا ہے۔

ٹریڈ کب کرنی چاہیے

اس میں کوئی شک نہیں کہ فوریکس مارکیٹ 24 گھنٹے کھلی رہتی ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ 24 گھنٹے ٹریڈنگ کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔ مارکیٹ تین سمتوں میں چلتی ہے، اوپر، نیچے یا سائیڈ پہ۔ مارکیٹ اوپر یا نیچے چل رہی ہو تو آپ پیسہ کما سکتے ہیں مگر مارکیٹ سائیڈ میں ہو تو ٹریڈنگ بہت مشکل ہو جاتی ہے۔

فوریکس مارکیٹ کو تین بڑی مارکیٹوں میں تقسیم کیا گیا ہے جنہیں سیشن بھی کہا جاتا ہے۔

ٹوکیو سیشن

لندن سیشن

نیویارک سیشن

تینوں سیشن کے اوپنگ اور کلوزنگ ٹائم نیچے چارٹ سے واضح ہوتے ہیں۔

یہ ٹائم ٹیبل اپریل سے اکتوبر تک ہوتا ہے

مارکیٹ زون	GMTٹائم
ٹوکیو اوپن ٹوکیو کلوز	11:00 PM 08:00 AM
لندن اوپن لندن کلوز	07:00 AM 04:00 PM
نیویارک اوپن نیویارک کلوز	12:00 PM 09:00 PM

نومبر سے مارچ تک ٹائم ٹیبل یوں ہو جاتا ہے

مارکیٹ زون	GMTٹائم
ٹوکویا وپن ٹوکویکا ﻇ	11:00 PM 08:00 AM
لندناوپن لند نکلوز	08:00 AM 05:00 PM
نو:یارکاوپن نو:یارککا ﻇ	01:00 PM 10:00 PM

ایک مارکیٹ کے کلوز ہونے اور دوسری مارکیٹ کے اوپن ہونے کو اوورلیپنگ کہتے ہیں۔ پہلے ٹائم ٹیبل میں ٹوکیو 8 بجے کلوز ہوتا ہے جبکہ لندن 7 بجے اوپن ہوتا ہے۔ اس ایک گھنٹہ میں ٹوکیو اور

لندن دونوں مارکیٹیں کھلی ہوتی ہیں اور ٹریڈنگ زوروں پہ ہوتی ہے۔ اسی طرح لندن 4 بجے کلوز ہوتا ہے جبکہ نیویارک 12 بجے اوپن ہوتا ہے۔ ان 4 گھنٹوں میں ٹریڈنگ زوروں پہ ہوتی ہے۔

پپ PIP

عموماً" کسی بھی کرنسی میں اعشاریہ کے دائیں جانب 4 ہندسے ہوتے ہیں مثلاً" 1.3324 جب پرائس ایک پوائنٹ آگے بڑھتی ہے یعنی 1.3325 تو ہم کہتے ہیں ایک پپ کا اضافہ ہوا ہے۔

ٹریڈرز عموماً" نفع نقصان کا حساب پپس کے گھٹنے بڑھنے سے لگاتے ہیں۔ ہر ٹریڈر کے پپ کی ویلیو الگ الگ ہوتی ہے۔ کسی کا پپ 1 سینٹ کا ہوتا ہے کسی کا پپ 1 ڈالر کا، کسی کا پپ 10 ڈالر کا ہوتا ہے۔ مثلاً" ایک ٹریڈر کا پپ 10 ڈالر کا ہوتا ہے تو صرف 5 پپ سے وہ 50 ڈالر کما لے گا۔

اب ہم ہر مارکیٹ سیشن میں پپس کی اوسطاً" مومنٹ کا جائزہ لیتے ہیں۔

کرنسی کا جوڑا	ٹوکیو سیشن	لندن سیشن	نیویارک سیشن
EUR/USD	76	114	92
GBP/USD	92	127	99

59	66	51	USD/JPY
81	83	77	AUD/USD
77	72	62	NZD/USD
96	96	57	USD/CAD
83	102	67	USD/CHF
107	129	102	EUR/JPY
132	151	118	GBP/JPY
103	107	98	AUD/JPY
47	61	78	EUR/GBP
84	109	79	EUR/CHF

اوپر کے چارٹ سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ لندن سیشن میں سب سے زیادہ موومنٹ ہوتی ہے۔

اب ہم تینوں مارکیٹوں کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔

سب سے پہلے ٹوکیو سیشن شروع ہوتا ہے۔ اسے ایشین سیشن بھی کہا جاتا ہے۔ جاپان دنیا میں تیسری بڑی معاشی قوت ہے۔ جاپانی کرنسی ین کا فوریکس میں 16.50 فیصد حصہ ہے اور ین کی 21 فیصد ٹریڈ ایشین سیشن میں ہوتی ہے۔

نیچے جدول میں ایشین سیشن میں مختلف کرنسیوں کی اوسطا" موومنٹ (پپس) میں دی گئی ہے۔

پپ	کرنسی کا جوڑا
56	EUR/USD
54	GBP/USD
30	USD/JPY
65	AUD/USD
58	NZD/USD
39	USD/CAD

40	USD/CHF
57	EUR/JPY
72	GBP/JPY
65	AUD/JPY
23	EUR/GBP
-	EUR/CHF

ذیل میں کچھ خصوصیات ہیں جس سے ٹوکیو سیشن کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے:

1 – ایشین سیشن میں فوریکس ٹریڈنگ صرف جاپان تک محدود نہیں رہتی بلکہ ٹنوں کے حساب سے ٹریڈنگ سنگاپور، ہانگ کانگ، سڈنی اور چین وغیرہ میں بھی ہوتی ہے جو ٹوکیو سیشن سے منسلک ہوتی ہے۔

2 – ٹوکیو سیشن میں بڑے حصہ دار ایکسپورٹرز اور سنٹرل بنک ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ جاپان اور چین کی معیشت کا بڑا انحصار ایکسپورٹ پر ہے۔ اسکے باوجود فوریکس کا حجم بہت کم ہوتا ہے بسا اوقات لگتا ہے مارکیٹ ہی بند ہے۔

3 – پھر بھی ایشیا پیسیفک کرنسیوں مثلاً "AUD/USD, NZD/USD کی موومنٹ میں کافی تیزی نظر آتی ہے۔

4 – حجم میں کمی کی وجہ سے مارکیٹ سائیڈ پہ چلتی ہے جو کہ بعد میں بریک آوٹ کا سبب بنتی ہے اور ٹریڈنگ کے مواقع بنتے ہیں۔

5 -مارکیٹ میں زیادہ تیزی اس وقت آتی ہے جب حکومتیں یا سنٹرل بنکس معاشی پالیسیوں کا اعلان کرتے ہیں۔

ایشین سیشن میں کونسے کرنسی جوڑوں کی ٹریڈنگ کرنی چاہیے

جب آسٹریلیا نیوزی لینڈ جاپان اور چین میں معاشی اعلانات ہوتے ہیں یا کوئی سیاسی اپ سیٹ ہوتا ہے تو AUD, NZD , JPY کی ٹریڈنگ میں تیزی آتی ہے مگر اس وقت ٹریڈنگ بہت خطرناک ہوتی ہے۔اس کو News Trading کہتے ہیں۔ بہت کم ٹریڈرز اسکو ہینڈل کرسکتے ہیں

لندن سیشن

جب ایشین ٹریڈرز اپنی دوکانیں بند کر رہے ہوتے ہیں اس وقت لندن کے ٹریڈر حضرات اپنی دوکانیں کھولنا شروع کرتے ہیں۔ یورپ میں اور بھی کافی مالیاتی ادارے ہیں مگر ٹریڈرز کی نظریں

لندن مارکیٹ پر لگی ہوتی ہیں۔ تاریخی طور پر اپنے محل وقوع کی وجہ سے لندن ہمیشہ تاجروں کے لئے پر کشش رہا ہے۔ یہ بھی حیران کن بات نہیں کہ لندن سیشن میں ایک منٹ میں ہزاروں فوریکس ٹریڈرز حصہ لیتے ہیں۔ فوریکس میں 30 فیصد ٹریڈنگ لندن سیشن میں ہوتی ہے۔

نیچے دیئے گئے چارٹ سے لندن سیشن میں پپس کی اوسطا" مومنٹ کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

پپ	کرنسی
83	EUR/USD
82	GBP/USD
36	USD/JPY
60	AUD/USD
64	NZD/USD
66	USD/CAD
58	USD/CHF
80	EUR/JPY
102	GBP/JPY
86	AUD/JPY
40	EUR/GBP

لندن سیشن کی اہمیت کی چند درج ذیل وجوہات ہیں :۔

1 ۔لندن سیشن ٹوکیو اور نیویارک سیشن کو اوور لیپ کرتا ہے اس لئے ٹریڈنگ کے حجم اور مارکیٹ میں تیزی بہت زیادہ ہوتی ہے۔

2 ۔ زیادہ تر ٹرینڈز لندن سیشن میں بنتے ہیں جو کہ نیویارک سیشن کے شروع ہونے تک رہتے ہیں

3 ۔لندن سیشن کے درمیان میں تیزی کم ہو جاتی ہے کیونکہ ٹریڈرز دوپہر کے کھانے کیلیئے چلے جاتے ہیں اور نیویارک سیشن کے شروع ہونے کا انتظار کرتے ہیں۔

4 ۔ بسا اوقات لندن سیشن کے اختتام پہ ٹرینڈز واپسی کا رخ اختیار کر لیتے ہیں کیونکہ بہت سے ٹریڈرز اپنے منافع لاک کر کے ٹریڈز بند کر دیتے ہیں۔

Trend ٹرینڈ کیا ہوتا ہے؟ پرائس کی کسی سمت میں حرکت کو ٹرینڈ کہتے ہیں۔

پرائس ہمیشہ بایئں سے دایئں چلتی ہے۔ پرائس تین صورتوں میں چلتی ہے۔

کونسے کرنسی جوڑے ٹریڈ کرنے چاہیں۔

مارکیٹ کے حجم اور تیزی کی مناسبت سے میجرز مثلا "EUR/USD, GBP/USD, USD/CHF, USD/JPY کی ٹریڈنگ بہتر رہتی ہے کیونکہ ان کے spreads یعنی کرنسی کی قیمت خرید اور قیمت فروخت میں فرق کم ہوتا ہے۔ آپ کراس کرنسی مثلا " GBP/JPY, EUR/JPY وغیرہ کی ٹریڈنگ بھی کر سکتے ہیں مگر ان کے spreads زیادہ ہوتے ہیں۔

نیویارک سیشن

12 یا 1 بجے دوپہر لندن ٹائم پہ نیویارک سیشن شروع ہوتا ہے۔ اس سیشن میں پپس کی اوسطا" موومنٹ یوں ہوتی ہے۔

پپس	کرنسی
77	EUR/USD
68	GBP/USD
34	USD/JPY
68	AUD/USD
62	NZD/USD
67	USD/CAD
56	USD/CHF
72	EUR/JPY
77	GBP/JPY
71	AUD/JPY
36	EUR/GBP

نیو یارک سیشن میں چند باتیں قابل ذکر ہیں۔

1 – پہلے چند گھنٹوں میں لندن سیشن کے ساتھ اوور لیپنگ کی وجہ سے مارکیٹ میں تیزی زیادہ ہوتی ہے۔

2 – شروع کے چند گھنٹوں میں اکثر اہم نوعیت کی خبریں ریلیز ہوتی ہیں جو مارکیٹ پہ اثر انداز ہوتی ہیں۔

3 – جمعہ کے دن دوپہر کے وقت مارکیٹ سست ہونی شروع ہو جاتی ہے کیونکہ ایشین اور لندن مارکیٹس پہلے ہی بند ہو چکی ہوتی ہیں۔

فوریکس میں پیسہ کیسے کمایا جاتا ہے۔

فوریکس میں کسی کرنسی کو یا تو خریدا جاتا ہے یا پھر بیچا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر اس وقت EUR / USD کی قیمت 1.3233 ہے آپ اندازہ لگاتے ہیں کہ یورو کی قیمت میں اضافہ ہو گا۔ آپ اس جوڑے کو خریدتے ہیں۔ چند گھنٹوں کے بعد قیمت 1.3283 ہو جاتی ہے۔ آپ ٹریڈ کلوز کر دیتے ہیں۔ آپ نے پچاس پپس کما لئے۔ اگر آپ کا ایک پپ ایک ڈالر کا ہو تو آپ نے پچاس ڈالر کما لئے۔

اسی طرح GBP / USD کی اس وقت قیمت 1.6187 ہے آپ اندازہ لگاتے ہیں کہ پونڈ کی قیمت گر رہی ہے۔ آپ اس جوڑے کو بیچتے ہیں۔ چند گھنٹوں کے بعد قیمت 1.6137 ہو جاتی ہے۔ آپ ٹریڈ کلوز کر دیتے ہیں۔ آپ نے پچاس پپس کما لئے۔ اگر آپ کا ایک پپ ایک ڈالر کا ہو تو آپ نے پچاس ڈالر کما لئے۔

محترم قارئین

اگر آپ کو ہماری یہ کتاب اچھی لگے تو ہماری حوصلہ افزائی کے لیے

Google پر جا کر Urdu Books سرچ کر کے ہماری ویب سائٹ

www.urdusoftbooks.com کو ایک مرتبہ وِزٹ کر لیں

اگر آپ کو ہماری ویب سائٹ Google کے پہلے پیج پر نظر نہ آئے تو

دوسرے یا تیسرے پیج پر چیک کر لیں،

وہاں آپ کو مزید اچھی کُتب ڈاؤن لوڈ کرنے کو ملیں گی۔ شکریہ

Google | urdu books

Web | Images | Books | Videos | News | More | Search tools

Page 2 of about 17,100,000 results (0.24 seconds)

Urdu Books - Pakistan Browse
www.bizbrowse.com/books/
The largest selection of Urdu literature online, Urdu afsaney, short stories, novels, free books, introduction of new books, mazamin of new writers and more... no ...

Urdu Islamic Books - Quran Urdu
www.quranurdu.com/books/urdu_books/
دینیات, Deenyaat, کتاب الصوم, Kitaab-us-Soum, توحید اور رسالت, Tauheed aur Rasaalat, اسلام اور جاہلیت, Islam aur Jahiliat, سلامتی کا راستہ, Salamti ka Rasta

Urdu Books | PDF Books | Urdu Novels | Islamic Books ...
www.urdusoftbooks.com/
Download or read online Urdu Books, PDF Books, Urdu Novels, Islamic Books, Computer Books, English to Urdu Dictionary, Free Urdu Digest at ...

Urdu Books
www.islamicbookstore.com/arabic-urdu-urdu-books.html
Urdu books below are arranged according to subject: UB = Urdu Biographies/History; UH = Urdu Hadith; UQ = Urdu Quran; UE = Ebadat et al; UT = Urdu ...

کرنسی کو کیسے پڑھا جاتا ہے۔
GBP/USD= 1.51258
Base currency
Quote currency

بائیں طرف والی کرنسی کو بیس Base اور دائیں طرف والی کرنسی کو کاؤنٹر Counter یا کوٹ Quote کرنسی کہا جاتا ہے۔ ٹریڈنگ کرتے وقت بیس کرنسی کو بنیاد بنایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر GBP / USD، اگر اس جوڑے کو خریدنا ہو تو GBP کو خریدا جائے گا۔ اگر اس جوڑے کو بیچنا ہے تو GBP کو بیچا جائے گا۔

لانگ اور شارٹ

اگر آپ نے کوئی جوڑا خریدنا ہے یعنی بیس کرنسی خریدنی ہے تو اس کو Buy یا Long کہا جاتا ہے اور اگر کوئی جوڑا بیچنا ہے یعنی بیس کرنسی بیچنی ہے تو اسے Sell یا Short کہا جاتا ہے۔

ٹریڈنگ میں کس چیز کو مد نظر رکھا جاتا ہے؟

ٹریڈنگ کرنے سے پہلے analysis یعنی تجزیہ کیا جاتا ہے۔ analysis دو طرح کی ہوتی ہے۔

فنڈامنٹل Fundamental

ٹیکنیکل Technical

Fundamental Analysis چند مثالوں سے سمجھاتے ہیں۔

EUR/USD: آپ دیکھتے ہیں کہ امریکہ میں بے روزگاری کی شرح زیادہ ہے یا مجموعی پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے یا برآمدات میں کمی واقع ہوئی ہے تو اسکا مطلب ہے ڈالر کمزور ہوا ہے۔ ڈالر

کمزور ہوا تو یورو بہتر ہوا۔ لا محالہ ہم یورو خریدیں گے۔ یعنی EUR / USD خریدیں گے۔ اگر بے روز گاری میں کمی ہوئی ہے یا مجموعی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے یا بر آمدات میں اضافہ ہوا ہے تو اسکا مطلب ہے ڈالر مضبوط ہوا ہے، ڈالر مضبوط ہوا تو یورو کمزور ہوا۔ لا محالہ ہم یورو بیچیں گے۔ یعنی EUR / USD بیچیں گے دوسرے لفظوں میں EUR / USD میں شارٹ ہوں گے۔

لاٹ Lot

لاٹ فوریکس میں ٹریڈنگ کی ویلیو کو ظاہر کرتا ہے۔ تین طرح کی لاٹس ہوتی ہیں۔

مائیکرو لاٹ Micro Lot میں ایک پپ دس سینٹ کا ہوتا ہے۔ یعنی ٹریڈنگ میں آپکو فی پپ دس سینٹ کا فائدہ ہوتا ہے یا دس سینٹ کا نقصان ہوتا ہے۔

منی لاٹ Mini Lot میں ایک پپ ایک ڈالر کا ہوتا ہے۔ یعنی ٹریڈنگ میں آپکو فی پپ ایک ڈالر کا فائدہ ہوتا ہے یا ایک ڈالر کا نقصان ہوتا ہے۔

سٹینڈرڈ لاٹ Standard Lot میں ایک پپ دس ڈالر کا ہوتا ہے۔ یعنی ٹریڈنگ میں آپکو فی پپ دس ڈالر کا فائدہ ہوتا ہے یا دس ڈالر کا نقصان ہوتا ہے۔

آرڈر ٹریڈنگ میں تین قسم کے آرڈرز ہوتے ہیں۔

مارکیٹ آرڈر: مارکیٹ میں موجودہ ریٹ میں کسی کرنسی کی خرید و فروخت کو مارکیٹ آرڈر کہتے ہیں۔ آپ کے پلیٹ فارم میں جو کرنسی ریٹس ظاہر ہو رہے ہیں ان پر اگر آپ ٹریڈ کرتے ہیں تو اسے مارکیٹ آرڈر کہتے ہیں۔

سٹاپ آرڈر Stop order

اس میں موجودہ ریٹ سے یا تو اوپر Buy کیا جاتا ہے یا پھر موجودہ ریٹ سے نیچے Sell کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر EUR / USD کی موجودہ قیمت 1.3070 ہے آپ چاہتے ہیں کہ جب یہ 1.3050 پہ پہنچے تو آپ Sell کریں۔ اس کے لئے یا تو آپ کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر انتظار کریں گے یا پھر Stop Order لگا دیں گے، جب پرائس 1.3050 پہ پہنچے گی تو آپ کی ٹریڈ خود بخود اوپن ہو جائے گی۔

لمٹ آرڈر Limit Order

اس میں موجودہ ریٹ سے نیچے Buy کیا جاتا ہے یا موجودہ ریٹ سے اوپر Sell کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر EUR / USD کی موجودہ قیمت 1.3070 ہے آپ چاہتے ہیں کہ جب یہ 1.3020 پہ پہنچے تو آپ Buy کریں۔ اس کیلیئے آپ Limit Order لگا دیں گے، جب پرائس 1.3020 پہ پہنچے گی تو آپ کی Buy ٹریڈ خود بخود اوپن ہو جائے گی۔

Demo Account پر یکٹس اکاؤنٹ

ہر فوریکس بروکر آپ کو اپنے پلیٹ فارم پر فری پریکٹس کی سہولت مہیا کرتا ہے تا کہ Real اکاؤنٹ شروع کرنے سے پہلے آپ کوئی ٹریڈنگ سسٹم بنالیں، آپ سمجھ لیں کہ ٹریڈنگ کس طرح اوپن کرتے ہیں کیسے کلوز کرتے ہیں۔ کن چیزوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔ جب تک آپ پریکٹس اکاؤنٹ میں کامیاب نہیں ہوجاتے اس وقت تک Real اکاؤنٹ کے بارے سوچنا بھی نہیں چاہیے کیونکہ یا تو آپ اپنے خون پسینے کی کمائی لگائیں گے یا پھر والدین کی کمائی لگائیں گے۔ یاد رکھیں کہ ڈیمو اکاؤنٹ کو Real اکاؤنٹ کی طرح سمجھیں، ڈیل ڈالنے سے پہلے آپ کو پتہ ہونا چاہیئے کہ آپ یہ ٹریڈ کیوں Buy کر رہے ہیں یا کیوں Sell کر رہے ہیں، سٹاپ لاس کہاں اور کیوں لگا رہے ہیں Lot کونسا لے رہے ہیں وغیرہ۔

فوریکس کے چند تلخ حقائق

ہر ٹریڈر چاہے وہ کتنا ہی ایکسپرٹ کیوں نہ ہو کچھ ٹریڈز میں ضرور نقصان اٹھاتا ہے۔ فوریکس میں 90٪ ٹریڈرز اپنا تمام سرمایہ ڈبو دیتے ہیں جسکی وجہ فوریکس کی تعلیم حاصل نہ کرنا، ڈیمو اکاؤنٹ میں کافی پریکٹس نہ کرنا، ٹریڈنگ سسٹم کا نہ ہونا، ڈسپلن کی عدم موجودگی، منی مینجمنٹ کا نہ ہونا ہے،

فوریکس ٹریڈنگ بے روزگار، کم آمدنی والے، بنک یا کریڈٹ کارڈ کے مقروض لوگوں کے لئے فائدہ مند ہرگز نہیں۔ ڈیمو اکاؤنٹ میں کافی پریکٹس کے بعد صرف ہاتھ سیدھا کرنے کے لئے

400 ڈالر تک درکار ہوتے ہیں اور اگر آپ کے پاس اچھی سٹریٹیجی ہے تو آپ دس پندرہ ڈالر ایک ٹریڈ میں کما سکتے ہیں۔500 سے 1000 ڈالر تک ہوں تو پارٹ ٹائم آمدنی کا ذریعہ بنایا جاسکتا ہے۔

یہ مفروضہ غلط بھی ہو سکتا ہے۔ فوریکس میں ٹریڈنگ کے لئے کچھ خصوصیات کا ہونا بے حد ضروری ہے مثلاً" کوئی ٹریڈنگ سسٹم بنانا اور اسکے ساتھ چمٹ جانا، ٹریڈنگ سیٹ اپ کا صبر سے انتظار کرنا، منی مینجمنٹ پہ عمل کرنا، اوور ٹریڈنگ نہ کرنا، لالچ نہ کرنا، ایک ٹارگٹ بنالینا وغیرہ۔

اگر آپ ان باتوں پہ عمل کریں تو کم سرمائے یعنی دو تین سو ڈالر سے بھی مناسب پارٹ ٹائم انکم کا ذریعہ بنا سکتے ہیں مگر اس کے لئے کافی وقت لگے گا۔

فوریکس راتوں رات امیر بننے کی سکیم بھی نہیں ہے جیسا کہ نئے لوگوں کو پھنسانے کے لئے عام طور پر اشتہارات میں دعوے کیے جاتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو ہمارے ارد گرد ملیونیر لوگوں کی کثیر تعداد نظر آئے۔

تجزیئے Analysis

کسی بھی ٹریڈ سے پہلے مارکیٹ کی Analysis کرنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ آنکھیں بند کر کے تو ڈیل نہیں ڈالی جاسکتی۔ مثلاً" آپ GBP / USD کی ٹریڈ کرنا چاہ رہے ہیں، آپ اسکو Sell

کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے پہلے آپ اپنے آپ سے پوچھتے ہیں کہ چارٹ کیا بتا رہا ہے ؟ مارکیٹ اوپر جا رہی ہے یا نیچے ؟ مارکیٹ ٹرینڈ میں ہے یا سائیڈ میں ؟ برطانیہ میں کوئی بنک ریٹ یا مجموعی پیداوار یا افراط زر یا بے روزگاری کی شرح کا آج اعلان تو نہیں ہو رہا؟ ان سب چیزوں کی چیکنگ کو تجزیہ یا Analysis کہتے ہیں۔ Analysis کی تین قسمیں ہیں۔

1 – فنڈامنٹل تجزیہ Fundamental Analysis

2 – ٹیکنیکل تجزیہ Technical Analysis

3 – سینٹیمنٹل تجزیہ Sentimental Analysis

عام ٹریڈرز کے لئے پہلے دو تجزیے مقبول ہیں جبکہ تیسرا بہت زیادہ ایکسپرٹ ٹریڈرز استعمال کرتے ہیں۔ ہم پہلے دو تجزیوں کا باری باری تفصیلاً" ذکر کریں گے۔

Technical Analysis ایک فریم ورک ہوتا ہے جس میں ٹریڈر پرائس کی حرکات کا جائزہ لیتا ہے۔ Technical Analysis میں سب سے پہلے جو چیز ذہن میں آتی ہے وہ چارٹ ہوتا ہے اس چارٹ سے با آسانی اندازہ ہوتا ہے کہ ماضی قریب میں پرائس کس لیول پہ تھی اب کس لیول پہ ہے۔ پرائس اوپر جا رہی ہے یا نیچے۔ مارکیٹ ٹرینڈ میں ہے یا سائیڈ پہ حرکت کر رہی ہے۔

EUR/GBP (D1)
12/6/2013
limit @0.8593
Falling Wedge
293 Pip Price Target
293 Pip Height
Breakout
Long @0.8300
Stop@ 0.8247

Higher Highs

Higher Lows

GBPUSD 4Hour

FXCM Marketscope © 2013

یہاں یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ ایک ہی چارٹ کو مختلف ٹریڈرز مختلف انداز سے دیکھتے ہیں۔ ایک ہی چارٹ پہ ٹریڈ کرنے والے کچھ ٹریڈرز فائدہ اٹھا رہے ہوتے ہیں جبکہ کچھ نقصان اٹھا رہے ہوتے ہیں۔

پرائس موومنٹ کو مزید واضح کرنے کے لئے Indicators چارٹ میں لوڈ کئے جاتے ہیں ان کا ذکر بعد میں آئے گا۔ مارکیٹ ٹرینڈ بگ ٹائم فریم مثلاً" ڈیلی یا چار گھنٹے میں دیکھا جاتا ہے۔

Fundamental Analysis میں کسی کرنسی کے ملکی سیاسی اقتصادی حالات کو مد نظر رکھا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ فیکٹرز کسی کرنسی کی مضبوطی یا کمزوری کا باعث بنتے ہیں اور پرائس کی اپ ڈاؤن موومنٹ کا باعث بنتے ہیں۔ روزانہ کسی نہ کسی ملک کے اس نوعیت کے اعلانات ہوتے رہتے ہیں۔ فوریکس کی مختلف ویب سائیٹس پہ ان اعلانات کا ہفتے کا شیڈول موجود ہوتا ہے اسے کیلنڈر کہتے ہیں۔ سب سے معروف ویب سائیٹ forexfactory.com ہے اس میں calendar کے ٹیگ کو کلک کریں تو کئی دنوں کا شیڈول سامنے آجائے گا۔

کونسا Analysis بہتر رہتا ہے ؟

دونوں کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اگر Fundamental Analysis کو سامنے رکھتے ہوئے ٹریڈنگ کی جائے تو منافع کے مواقع زیادہ ہوتے ہیں۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہوتا ہے کی ٹریڈنگ سے قبل کیلنڈر کو چیک کرلیا جائے۔ FMOC meeting , Bank Rate , Non Farm Pay Roll والے دن ٹریڈنگ نہ کرنا بہتر ہوتا ہے۔ دوسرے اہم نوعیت کے اعلان ہوں تو کم از کم ایک گھنٹہ پہلے ٹریڈنگ روک دینی چاہیے۔ اگر آپ پروفیشنل ٹریڈر بننا چاہتے ہیں تو Fundamental Analysis میں دلچسپی پیدا کریں۔

چارٹس کی اقسام

چارٹس تین طرح کے ہوتے ہیں۔

لائن چارٹ

بار چارٹ

کینڈل سٹک چارٹ

تینوں میں سے کینڈل سٹک چارٹس زیادہ پاپولر ہیں کیونکہ یہ زیادہ واضح ہوتے ہیں۔

Candlestick patterns سے پرائس کی Charts Analysis بہتر طریقے سے ہوتی ہے۔

مومنٹ کی پیش گوئی کرنا آسان ہوتا ہے۔

Support and Resistance

پرائس اوپر جائے یا نیچے، سیدھی لائن میں نہیں چلتی بلکہ زگ زیگ کی طرح چلتی ہے۔ کچھ مومنٹ کے بعد واپس ایک خاص مقام سے واپس مڑ جاتی ہے کچھ دیر یہاں رکنے کے بعد دوبارہ اپنا سفر شروع کر دیتی ہے۔ اس خاص مقام کو Support یا Resistance کہتے ہیں۔

نیچے دی گئی شکل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے۔

Support اور Resistance کی لائینں کھینچنا

ایک بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ Support اور Resistance ایک ایریا ہوتا ہے فکس پرائس لیول نہیں ہوتا۔ اوپر کینڈل سٹک کے تعارف میں Shadow کے بارے میں شکل سے

بتایا گیا تھا۔ اگر ایک ایسی متوازی لائن کھینچی جائے جو دو یا تین Shadow کو ملائے تو اس ایریا کو Support/Resistance کہتے ہیں۔ اگر یہ لائن چارٹ کے اوپر کی سائیڈ پہ ہو تو Resistance ہو گی اور اگر نیچے کی سائیڈ پہ ہو تو Support کہلائے گی۔

نیچے شکل ملاحظہ کریں۔

اگر پرائس اوپر جا رہی ہو تو ایک مقام پہ رک جائے گی اگر یہاں سے پرائس اور اوپر جاتی ہے تو یہ مقام Support کہلائے گا۔ اگر یہاں سے واپس مڑ جاتی ہے تو یہ مقام Resistance کہلائے گا۔

Support/Resistance کی سادہ سی مثال کمرے کی ہے جس میں فرش Support اور چھت Resistance ہو گی۔

نیچے کی شکل ملاحظہ فرمائیں۔

Support and Resistance کے بنے بنائے انڈیکیٹر بھی ملتے ہیں۔ آپ کو لائینیں کھینچنی نہیں پڑتی انڈیکیٹر سے خود بخود یہ لائینیں ظاہر ہو جاتی ہیں۔

جاپانی کینڈل سٹک

کینڈل سٹکس کا مختصر تعارف اوپر کروا چکے ہیں۔ ہر ٹائم فریم میں ایک کینڈل بنتی ہے مثلاً '5 منٹ کے ٹائم فریم میں ہر5 منٹ کے بعد نئی کینڈل بنتی ہے۔ایک گھنٹے کے ٹائم فریم میں ہر گھنٹے بعد نئی کینڈل بنتی ہے۔ڈیلی ٹائم فریم میں روزانہ ایک کینڈل بنتی ہے۔

اگر پرائس اوپر جاتی ہے تو سبز بارڈر والی خالی کینڈل بنتی ہے۔ اگر پرائس نیچے جاتی ہے تو سفید کینڈل بنتی ہے۔ بعض پلیٹ فارمز پہ پرائس اوپر جاتی ہے تو مکمل سبز یا مکمل نیلی کینڈل ظاہر ہوتی ہے اور نیچے جانے کی صورت میں کینڈل سرخ ہوتی ہے۔

کینڈل کا سائز اہم معلومات دیتا ہے۔ اگر بڑے سائز کی ہو تو سٹرانگ اپ ٹرینڈ یا سٹرانگ ڈاؤن ٹرینڈ کو ظاہر کرتا ہے۔ چھوٹے سائز کی کینڈل کمزور ٹرینڈ کو ظاہر کرتی ہے۔

لانگ شیڈو

فوریکس دراصل Buyers اور Sellers کے درمیان لڑائی ہوتی ہے اگر تو Buyers جیت جائیں تو پرائس اوپر جاتی ہے اور اگر Sellers جیت جائیں تو پرائس نیچے جاتی ہے۔ اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ دونوں برابر رہتے ہیں اور پرائس وہیں کی وہیں رہتی ہے اس صورت میں کینڈل کی باڈی چھوٹی سی ہوتی ہے اور شیڈو بڑے ہوتے ہیں۔ نیچے کی شکل ملاحظہ ہو۔

Long Shadows

اگر یہ شیڈو Support/ Resistance پہ ہوں تو قابل توجہ ہوتے ہیں کیونکہ اس مقام سے پرائس حسب سابق آگے چلتی رہتی ہے یا واپس مڑ جاتی ہے۔

Basic Candle Stick Patterns بیسک کینڈل سٹک پیٹرنز

اکثر ٹریڈنگ کے دوران کینڈل کی مختلف اشکال سامنے آتی ہیں ان اشکال سے ہم پرائس کی مستقبل قریب کا اندازہ لگاتے ہیں۔ یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیئے کہ فوریکس میں کوئی چیز سو فیصد نہیں ہوتی اندازے غلط ہو جاتے ہیں۔

Spinning Tops

کسی بھی ٹائم فریم میں پرائس جہاں اوپن ہوتی ہے اس سے معمولی اوپر نیچے کلوز ہوتی ہے۔ جس سے رئیل باڈی چھوٹی ہوتی ہے جبکہ شیڈو بڑے ہوتے ہیں۔

اگر سپنگ ٹاپ Resistance پہ ہوں تو پرائس کے نیچے مڑنے کا چانس ہوتا ہے اور اگر یہ Support پہ ہوں تو پرائس کے اوپر جانے کا چانس ہوتا ہے۔

ماروبوزو Marubozu

Marubozu

ماروبوزو میں کینڈل بغیر شیڈو کے ہوتی ہے یہ کینڈل ظاہر کرتی ہے کہ مارکیٹ اوپر یا نیچے سٹرانگ ہے۔

ڈوجی Doji

اس میں اوپن اور کلوز پرائس ایک ہی ہوتی ہے رئیل باڈی یا تو ہوتی ہی نہیں اور اگر ہو بھی تو نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔

ان میں سے کوئی بھی ڈوجی ظاہر ہو تو ٹریڈرز متوجہ ہو جاتے ہیں۔ Support/Resistance پہ ظاہر ہوں تو پرائس کے مڑنے کا چانس ہوتا ہے۔

اگر لانگ باڈی اور ڈوجی اکٹھے ہوں

اگر لانگ باڈی کے ساتھ ہی ڈوجی بنے تو پرائس کے واپس مڑنے کے چانس زیادہ ہوتے ہیں۔ اگر یہ کومبینیشن Resistance پہ ہو تو پرائس نیچے کو جاتی ہے۔

اور Support پہنچ تو پرائس اوپر کو جاتی ہے

ہتھوڑااور لٹکتا ہوا آدمی Hammer and Hanging Man

اس کینڈل میں رئیل باڈی بہت چھوٹی یا نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ جب کہ شیڈو باڈی سے تقریبا" 3 گنا بڑا ہوتا ہے۔ اس کو پن بار Pin Bar بھی کہا جاتا ہے۔

Hammer & Hanging Man

ان میں فرق یہ ہوتا ہے کہ اگر پن بار Support پہ ہو تو Hammer کہلاتی ہے یہاں سے پرائس اوپر کو مڑتی ہے۔ اور Resistance پہ ہو تو Hanging Man کہلاتی ہے یہاں سے پرائس نیچے کو مڑتی ہے۔

Hammer
Hanging Man

الٹا ہتھوڑا Inverted Hammer اور Shooting Star

ان میں پن بار الٹی ہوتی ہے۔ جو آپ نے Hanging Man اور Hammer میں پڑھا ہے

وہی یہاں Inverted Hammer اور Shooting Star میں ہوتا ہے۔

Inverted Hammer
Shooting Star

اینگلف کینڈل Engulf Candle

اوپر کی اشکال میں آپ دیکھ رہے ہیں کینڈلز کی سیریز ہے جو نیچے آرہی ہے یا اوپر جارہی ہے۔ اس کے آخر میں اگر چھوٹی یا بڑی کینڈل ہو جو پچھلی یا اگلی کینڈل کو مکمل کور کرلے اس کو اینگلف کینڈل کہتے ہیں۔ نیچے کی شکل ملاحظہ ہو۔

ٹوویزر باٹم ٹوویزر ٹاپ

Tweezer Bottom &Tweezer Top

یہ Support/ Resistance پہ بننے والی ایک سائز کی دو کینڈل ہوتی ہیں۔

Tweezers وہی کام کرتی ہیں جو اوپر پن بار کے بارے میں بتایا جا چکا ہے۔

تمام کینڈل سٹک پیٹرنز ایک گھنٹہ سے اوپر کے ٹائم فریم میں بہترین رزلٹ دیتے ہیں۔

انڈیکیٹرز Indicators

اوپر ہم نے کینڈل سٹک پیٹرنز کے بارے میں بتایا ہے، کئی ٹریڈرز ان پیٹرنز کے علاوہ کچھ اور علامات کو بھی استعمال کرتے ہیں جنہیں انڈیکیٹرز کہا جاتا ہے۔

یہ انڈیکیٹرز تعداد میں کئی درجن ہوتے ہیں مگر ہم صرف معروف انڈیکیٹرز کا ذکر کریں گے۔

فیبو ناکی Fibonacci

فیبو ناکی کیا ہے اس کا موجد کون تھا اس کی کیلکولیشن کیسے ہوتی ہے ہم اس تفصیل میں نہیں جائیں گے۔ Support/ Resistance کے باب میں ہم نے پڑھا تھا کہ پرائس سیدھی نہیں چلتی بلکہ سیڑھیوں کی شکل میں اوپر یا نیچے چلتی ہے۔ سیڑھیوں کے لیولز کو ہم فیبو ناکی کہتے ہیں۔ ان لیولز کو (76.4٪) (61.8٪) (50.0٪) (38.2٪) (23.6٪) کے حساب سے رکھا گیا ہے۔

اگر پرائس اپ ٹرینڈ میں ہے تو ڈیل ڈالنے کے لئے انتظار کیا جائے کہ پرائس کسی مقام پہ واپس مڑے۔ اس مڑنے کو Retracement کہتے ہیں۔ عموماً" پرائس اوپر دیئے گئے لیولز میں سے کسی ایک لیول تک واپس آتی ہے اور یہاں سے دوبارہ اوپر کی جانب سفر شروع کرتی ہے۔ نیچے دی گئی شکل میں پرائس اوپر جارہی تھی کہ واپس نیچے کو مڑی اور 38.2٪ سے دوبارہ اوپر کو چلنا شروع ہوئی۔ یہ مقام پرائس کو Buy کرنے کیلئے انتہائی موزوں ہے اور فائدہ مند ہے۔

ڈاؤن ٹرینڈ میں اس کے الٹ ہوگا جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

موونگ ایوریج Moving Average

Moving Average ایک سادہ سا خط ہوتا ہے جو پرائس کے ساتھ ساتھ چلتا ہے اس سے ٹرینڈ کا پتہ چلتا ہے۔

اگر پرائس خط سے اوپر ہو تو ٹرینڈ اپ ہوتا ہے اور اگر پرائس خط سے نیچے ہو تو ٹرینڈ ڈاؤن ہوتا ہے۔ موونگ ایوریج دو طرح کے ہوتے ہیں۔

Simple Moving Average (SMA)

Exponential Moving Average (EMA)

دونوں میں خاص فرق نہیں ہوتا مگر EMA زیادہ بہتر نتائج کا حامل سمجھا جاتا ہے۔

محترم قارئین

اگر آپ کو ہماری یہ کتاب اچھی لگے تو ہماری حوصلہ افزائی کے لیے

Google پر جا کر Urdu Books سرچ کر کے ہماری ویب سائٹ

www.urdusoftbooks.com کو ایک مرتبہ وِزٹ کر لیں

اگر آپ کو ہماری ویب سائٹ Google کے پہلے پیج پر نظر نہ آئے تو

دوسرے یا تیسرے پیج پر چیک کر لیں،

وہاں آپ کو مزید اچھی کُتب ڈاؤن لوڈ کرنے کو ملیں گی۔ شُکریہ

Google | urdu books

Web | Images | Books | Videos | News | More | Search tools

Page 2 of about 17,100,000 results (0.24 seconds)

Urdu Books - Pakistan Browse
www.bizbrowse.com/books/
The largest selection of Urdu literature online, Urdu afsaney, short stories, novels, free books, introduction of new books, mazamin of new writers and more... no ...

Urdu Islamic Books - Quran Urdu
www.quranurdu.com/books/urdu_books/
دینیات Deenyaat، کتاب الصوم Kitaab-us-Soum، توحید اور رسالت Tauheed aur Rasaalat، سلامتی کا راستہ Salamti ka Rasta، اسلام اور جاہلیت Islam aur Jahiliat

Urdu Books | PDF Books | Urdu Novels | Islamic Books ...
www.urdusoftbooks.com/
Download or read online Urdu Books, PDF Books, Urdu Novels, Islamic Books, Computer Books, English to Urdu Dictionary, Free Urdu Digest at ...

Urdu Books
www.islamicbookstore.com/arabic-urdu-urdu-books.html
Urdu books below are arranged according to subject: UB = Urdu Biographies/History; UH = Urdu Hadith; UQ = Urdu Quran; UE = Ebadat et al; UT = Urdu ...

اوپر دی گئی شکل میں EMA پرائس کے زیادہ نزدیک ہے اس لئے اس کو ترجیح دی جاتی ہے۔

استعمال:

جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے کہ پرائس اس خط سے اوپر ہو تو ٹرینڈ اپ ہوتا ہے۔

پرائس خط سے نیچے ہو تو ٹرینڈ ڈاؤن ہوتا ہے۔

کراس اوور Cross Over

اگر دو مختلف ویلیوز کے موونگ ایوریج چارٹ پہ لگائے جائیں تو کسی نہ کسی مقام پر ایک دوسرے کو کراس کریں گے یہ کراسنگ نئے ٹرینڈ کو ظاہر کرتے ہیں اور Buy یا Sell کا الارم دیتے ہیں۔

بولنگر بینڈز BollingerBands

بولنگر بینڈز نہر کے کناروں کی طرح ہوتے ہیں جو پرائس کے ساتھ ساتھ دونوں طرف چلتے ہیں۔

اگر مارکیٹ ٹرینڈنگ نہ ہو یعنی رینج میں ہو جیسا اوپر بائیں سے دائیں تک ہے تو پرائس اوپر سے نیچے بینڈز کے اندر سوئنگ کرتی رہتی ہے۔

اس حالت کو Squeeze کہتے ہیں یعنی مارکیٹ سکڑ جاتی ہے۔ ایسا عموماً" لندن یا امریکن سیشن کے اوپن ہونے سے پہلے ہوتا ہے یا کوئی اہم خبر جاری ہونے سے پہلے ہوتا ہے۔

جب سیشن اوپن ہو جاتا ہے یا خبر جاری ہو جاتی ہے تو پرائس اوپر یا نیچے کی جانب بڑھنا شروع کر دیتی ہے اسکو بریک آؤٹ کہتے ہیں۔

candle breaks upper band
bands squeeze together...
Urdu Soft Books
www.urdusoftbooks.com
price shoots up!

MACD

MACD کو چارٹ میں لگایا جائے تو پرائس کے نیچے نئی ونڈو میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس میں دو مزید انڈیکیٹرز نظر آتے ہیں ایک تو MACD جو سرخ اور نیلی دو لائنوں میں ہوتا ہے ایک دوسرے کو کاٹتے نظر آتے ہیں اور دوسرا Histogram جو سبز افقی لائنوں میں نظر آرہا ہے۔

Histogram زیرو لیول سے اوپر نیچے ہوتا رہتا ہے۔ اگر اوپر ہو تو اپ ٹرینڈ ظاہر کرتا ہے۔ اگر نیچے ہو تو ڈاؤن ٹرینڈ ظاہر کرتا ہے۔

MACDلائین ایک دوسرے کو کراس کریں توSellاور Buy سگنلز دیتی ہیں۔

پیرابولک ایس اے آر Parabolic SAR

یہ بہت سیدھا اور آسان انڈیکیٹر ہے۔ اس میں ٹرینڈ کہاں سے شروع ہو رہا ہے اور کہاں ختم ہو رہا ہے دونوں دکھائی دیتے ہیں۔

اس میں یاد رکھنے والی بات یہ ہے کہ یہ انڈیکیٹر صرف ٹرینڈنگ مارکیٹ میں بہتر نتائج دیتا ہے سائیڈ مارکیٹ میں غلط سگنلز دیتا ہے۔ اس انڈیکیٹر میں دانے ظاہر ہوتے ہیں۔ دانے پرائس کے نیچے ہوں تو ٹرینڈ اوپر کو ہوگا اور دانے پرائس کے اوپر ہوں تو ٹرینڈ نیچے کو ہوگا۔ ٹریڈ میں انٹر ہونے کیلئیے تیسرے دانے کا انتظار بہتر ہوتا ہے تاکہ ٹرینڈ کی تبدیلی کنفرم ہو جائے۔ اور دانے دوسری جانب شفٹ ہو جائیں تو ٹریڈ کلوز کر دینی چاہیئے۔

EURUSD, Daily - Euro vs US Dollar
3 dots again! Uptrend will probably end.
1... 2... 3 dots! Time to exit my short trade!

Stochastic اسٹاکسٹک

کچھ انڈیکیٹرز سائیکل کی شکل میں ہوتے ہیں جن میں ایکStochastic ہے۔

اسکی ریڈنگ صفر سے سو ہوتی ہے۔ریڈنگ22 سے نیچے جائے تو اوور سولڈ یعنی اب پرائس کے مزید نیچے جانے کے چانسز کم ہیں ٹریڈرز اب پرائسBuy کرنے کے لئے تیاری کر رہے ہیں۔

ریڈنگ80 سے اوپر جائے تو اوور باٹ یعنی اب پرائس کے مزید اوپر جانے کے چانسز کم ہیں ٹریڈرز اب پرائس Sell کرنے کے لئے تیاری کر رہے ہیں۔

RSI

RSI اسٹاکسٹک سے ملتا جلتا ہے اس میں بھی ریڈنگ صفر سے سو تک ہوتی ہے۔ یہاں Oversold اور Overbought کے لئے 30 اور 70 کو بنیاد رکھا گیا ہے۔ 30 سے نیچے پرائس ہو تو Buy کے چانسز ہوتے ہیں اور 70 سے اوپر پرائس کے Sell کے چانسز ہوتے ہیں۔

Relative Strength Index
(RSI)
overbought
oversold
oversold

RSI میں اضافی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ٹرینڈ کی نشاندہی بھی کرتا ہے۔

اگر پرائس 50 سے اوپر جائے تو اپ ٹرینڈ کو ظاہر کرتا ہے اگر پرائس 50 سے نیچے جائے تو ڈاؤن ٹرینڈ ظاہر کرتا ہے۔

ADX

اے ڈی ایکس ٹرینڈ کی سمت کی بجائے ٹرینڈ کی مضبوطی کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کی ریڈنگ صفر سے سو تک ہوتی ہے۔ بیس سے نیچے کمزور اور بیس سے اوپر مضبوط ٹرینڈ کو ظاہر کرتا ہے۔

اکی موکو کنکو ہیو Ichimoku Kinko Hyo

اس کو مختصراً" اکی موکو کہتے ہیں۔ یہ جاپانیوں کا ایجاد کردہ ہے۔ یہ چار چیزوں پہ مشتمل ہوتا ہے۔

Kijun Sen یہ نیلے رنگ کی لائن ہوتی ہے۔ اگر پرائس اس لائن سے اوپر ہو تو پرائس اوپر جانے کے چانسز ہوتے ہیں۔ اگر پرائس اس لائن سے نیچے ہو تو پرائس نیچے جانے کے چانسز ہوتے ہیں۔

TenkanSen یہ سرخ رنگ کی لائن ہوتی ہے۔ اگر یہ اوپر یا نیچے ہو تو مارکیٹ ٹرینڈی ہوتی ہے۔ اگر سیدھی ہو یعنی دائیں بائیں ہو تو سائیڈ مارکیٹ ہوتی ہے۔

Chikou Span یہ سبز رنگ کی لائن ہوتی ہے۔ اگر یہ پرائس کو اوپر سے نیچے کراس کرے تو

Sell سگنل ہوتا ہے۔ اگر یہ پرائس کو نیچے سے اوپر کراس کرے تو Buy سگنل ہوتا ہے۔

Senkou Span یہ براؤن رنگ کی لائنوں پر مشتمل بادل سا ہوتا ہے۔ اگر پرائس اس بادل سے اوپر ہو تو اپ ٹرینڈ ہوتا ہے۔ اگر پرائس اس بادل سے نیچے ہو تو ڈاؤن ٹرینڈ ہوتا ہے۔

آخر کونسا انڈیکیٹر بہتر نتائج دیتا ہے؟

چونکہ ہر انڈیکیٹر کے پیچھے لمبی جدوجہد اور کیلکولیشنز ہوتی ہیں لہذا تمام انڈیکیٹرز اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ کبھی بھی اکیلے ایک انڈیکیٹر کو استعمال نہیں کرنا چاہیے بلکہ کنفرمیشن کے لیئے دو یا تین انڈیکیٹرز اکٹھے استعمال کرنے چاہیں۔ اگر تین انڈیکیٹرز ایک دوسرے کو کنفرم نہ کریں تو ڈیل نہیں ڈالنی چاہیے۔

لیڈنگ (تیز) اور لے گنگ (سست) انڈیکیٹرز

Leading and Lagging Indicators

کچھ انڈیکیٹرز ایسے ہوتے ہیں جو پرائس کا ٹرینڈ بدلنے سے پہلے ہی اشارہ دے دیتے ہیں۔ اوپر کی مثالوں میں Stochastic, RSI لیڈنگ انڈیکیٹرز ہیں۔ MACD لے گنگ انڈیکیٹر ہے۔

یہ بات بھی اہم ہے کہ لیڈنگ انڈیکیٹرز اکثر دھوکہ بھی بہت دیتے ہیں جبکہ لے گنگ انڈیکیٹرز ٹرینڈ تبدیل ہونے کے بعد اشارہ دیتے ہیں اگرچہ اس میں کافی پپس کھو جاتے ہیں مگر ٹریڈ منافع بخش ہونے کے چانسز زیادہ ہو جاتے ہیں۔ دونوں انڈیکیٹرز تعداد میں کافی ہوتے ہیں اور سب کا یہاں احاطہ کرنا ممکن نہیں۔ گوگل سرچ سے آپ دونوں انڈیکیٹرز دیکھ سکتے ہیں اور انکی تفصیل اور استعمال کا طریقہ معلوم کر سکتے ہیں۔

پائیوٹ پوائنٹس Pivot Points

پائیوٹ کو عام اردو زبان میں محور بولا جاتا ہے۔ امریکن سیشن کلوز ہونے کے بعد نئے پائیوٹ بنتے ہیں۔ بہت سی ویب سائیٹس کے علاوہ بروکرز بھی روزانہ مختلف ٹائم فریم کے پائیوٹ پوائنٹس بتاتے ہیں۔ ان پوائنٹس کے ساتھ تین سپورٹس اور تین رزسٹنس بھی ہوتے ہیں۔

پرائس پائیوٹ پوائنٹ کے اوپر نیچے حرکت کرتی ہے۔ اگر اوپر جاتی ہے تو پہلے رزسٹنس سے واپس پائیوٹ کی طرف مڑتی ہے۔ اگر پرائس پہلے رزسٹنس سے واپس نہ مڑے بلکہ رزسٹنس کو کراس کرے تو اسے بریک آوٹ کہتے ہیں۔ اب زیادہ چانسز ہوتے ہیں کہ پرائس دوسری رزسٹنس سے واپس مڑ جائے گی۔ اگر پرائس دوسری رزسٹنس کو بھی کراس کرتی ہے تو ٹریڈرز امید کرتے ہیں کہ پرائس تیسری رزسٹنس سے واپس مڑ جائے گی۔

اگر پرائس ڈاؤن ٹرینڈ میں ہو تو پرائس پہلی سپورٹ کی طرف جائے گی اور یہاں سے پائیوٹ کی طرف واپس مڑے گی۔ اگر پہلی سپورٹ کو کراس کر کے مزید نیچے کو جاتی ہے تو دوسری سپورٹ کی طرف جائے گی۔

یہ پائیوٹ پوائنٹس رزسٹنس اور سپورٹ روزانہ نئے اور مختلف ہوتے ہیں۔

مختلف ٹائم فریمز Different Time Frames

اگر MT4 چارٹس کو دیکھیں تو مختلف ٹائم فریم نظر آئیں گے۔ ایک منٹ،5 منٹ،15 منٹ، 30 منٹ،1 گھنٹہ،4 گھنٹے، ڈیلی، ویکلی اور ماہانہ۔ اگر تین یا چار ٹریڈرز ایک کرنسی جوڑے کو مختلف ٹائم فریمز میں دیکھیں تو سب کو اپنے اپنے چارٹس میں الگ الگ صورتیں دکھائی دیں گی۔

کسی کو اپ ٹرینڈ نظر آئے گا تو کسی کو ڈاؤن ٹرینڈ اور کسی کو سائیڈ مارکیٹ نظر آئے گی تو کسی کو Retracement نظر آ رہی ہو گی۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان میں غلط کون ہے اور صحیح کون؟

اس کا جواب یہ ہے کہ سبھی ٹھیک ہیں۔ پرائس جب ایک سمت یعنی اپ یا ڈاؤن سفر شروع کرتی ہے تو یہ سفر مہینوں اسی سمت چلتا رہتا ہے مگر راستے میں موڑ بھی آتے ہیں کہیں سٹاپ بھی آتے ہیں۔ اس کی سادہ مثال یوں ہے، ایک سڑک شمال سے جنوب بنائی گئی ہے۔ ڈیلی ٹائم فریم والا ٹریڈر کہے گا کہ سڑک شمال سے جنوب جا رہی ہے۔ آگے سڑک شمال سے ذرا مغرب کو مڑتی ہے تو چار گھنٹے کے ٹائم فریم والا ٹریڈر کہے گا کہ سڑک مغرب کو جا رہی ہے۔ آگے پہاڑ آتا ہے تو سڑک جنوب کی طرف مڑتی ہے اب ایک گھنٹے کے ٹائم فریم والا کہے گا کہ سڑک جنوب کو جا رہی ہے۔ سڑک تو شمال سے جنوب ہی جا رہی ہے مگر ہر کوئی الگ الگ انداز سے دیکھ رہا ہے۔

جہاں تک ٹریڈنگ کا تعلق ہے ہر ٹریڈر کا اپنا سٹائل ہوتا ہے۔ میجر ٹرینڈ دیکھنے کے لئے اور سونگ Swing Trading (جس میں ٹریڈنگ ایک سے زیادہ دن جاری رہتی ہے) کے لئے ہائی ٹائم فریم چیک کیا جاتا ہے۔ ڈے ٹریڈنگ میں چار یا ایک گھنٹے کا ٹائم فریم چیک کیا جاتا ہے۔ Scalping میں پندرہ منٹ، پانچ اور ایک منٹ کا ٹائم فریم چیک کیا جاتا ہے۔ آپکو ایک ٹائم فریم اختیار کرنا چاہئیے۔ پریکٹس اکاؤنٹ میں آپ مختلف ٹائم فریم چیک کریں جو آپ کو مناسب لگے اس کو مستقل طور پر اختیار کر لیں۔

نیوز ٹریڈنگ

آخر وہ کونسی قوتیں ہیں جو پرائس کو اپ یا ڈاؤن لے جاتی ہیں؟

شروع میں ہم نے بتایا تھا کہ کسی ملک کی کرنسی کے مضبوط یا کمزور ہونے کا دارومدار اس ملک کے اقتصادی صنعتی روزگار اور بنک کی شرح سود وغیرہ پر ہوتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک ہر ماہ مختلف تاریخ کو ان کا اعلان کرتے ہیں۔ ان اعلانات کی بدولت مارکیٹ میں حد سے زیادہ تیزی دیکھنے میں آتی ہے۔ forexfactory.com کے کیلنڈر میں لال رنگ کے وقت ہونے والے اعلان کو پندرہ منٹ یا پانچ منٹ کے ٹائم فریم میں دیکھنے سے مارکیٹ کی تیزی کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

ان اعلانات کے وقت ٹریڈنگ کو نیوز ٹریڈنگ کہتے ہیں۔ نیوز ٹریڈنگ بہت زیادہ خطرناک ہوتی ہے کیونکہ پرائس چند سیکنڈز میں پچاس سے ستر پپس عموما" ہٹ کرتی ہے۔ امریکہ کے Non Farm Pay Rolls کے وقت USD / JPY کو دیکھا جائے تو کئی دفعہ پرائس دو سو پپس تک جاتی ہے اسطرح ٹریڈرز بآسانی Stop loss ہٹ ہونے کا شکار ہو جاتے ہیں۔

نیوز ٹریڈنگ بہت ہی تجربہ کار ٹریڈرز کر سکتے ہیں۔ اس کے لئے ترقی یافتہ ممالک کے شرح نمو، افراط زر، اقتصادی و صنعتی اعداد و شمار، روزگار اور شرح سود وغیرہ کا مکمل علم ہونے کے ساتھ ساتھ ڈیمو اکاؤنٹ پر لمبی پریکٹس کا ہونا ضروری ہے۔ کوشش کریں کہ کسی بھی کرنسی کے اہم اعلان سے پہلے اوپن ٹریڈز کلوز کر دیں۔

کرنسی اور سونا

سونا اپنی خالص دھاتی چمک دمک اور دیگر خصوصیات کی بنا پر صدیوں سے انسانی توجہ کا محور رہا ہے۔ڈالر کاغذی کرنسی کی وجہ سے اور ملکی دیگر حالات کی وجہ سے اتار چڑھاؤ کا شکار رہتا ہے۔ جب ڈالر کمزور ہوتا ہے تو لوگ سونا خرید لیتے ہیں اور ڈالر مضبوط ہوتا ہے تو لوگ سونا بیچ دیتے ہیں۔ آسان لفظوں میں ڈالر اور سونا ایک دوسرے کے مخالف چلتے ہیں۔

آسٹریلیا دنیا میں سب سے زیادہ سونا پیدا کرنے والا تیسرا بڑا ملک ہے۔اس لئے آسٹریلین ڈالر اور سونے کی پرائس ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ جیسا کہ نیچے شکل سے ظاہر ہے۔

کالا سونا Black Gold یعنی تیل

سونے کی اہمیت اپنی جگہ مگر سونے کے بغیر معیشت کا پہیہ رواں دواں رہ سکتا ہے لیکن تیل کے بغیر ناممکن ہے۔ کینیڈا تیل پیدا کرنے والے بڑے ممالک میں سے ایک ہے۔امریکہ کو تیل ایکسپورٹ کرنے والے ممالک میں سب سے پہلا نمبر کینیڈا کا ہے۔ایک اندازے کے مطابق کینیڈا روزانہ 2 ملین بیرل تیل صرف امریکہ کو ایکسپورٹ کرتا ہے۔ جسکی وجہ سے کینیڈین کرنسی بھی براہ راست متاثر ہوتی ہے۔ چنانچہ جب تیل کی قیمت چڑھتی ہے تو کینیڈین ڈالر کی قیمت بھی چڑھتی ہے۔ نیچے دی گئی شکل سے واضح ہے۔

چونکہ کینیڈا کی ایکسپورٹ کا 85 فیصد انحصار امریکہ کو تیل کی برآمد پر ہے اس لئے اگر امریکہ میں صنعت سست روی کا شکار ہوتی ہے تو کینیڈا سے تیل کی برآمد میں کمی ہوجاتی ہے جسکی وجہ

سے تیل کی قیمت میں کمی ہوتی ہے اور کینیڈین ڈالر بھی گر جاتا ہے۔ دوسری طرف امریکی صنعت میں تیزی آتی ہے تو تیل کی طلب میں اضافہ ہو جاتا ہے جس کے نتیجے میں کینیڈین ڈالر مضبوط ہوتا ہے۔

ٹریڈنگ پلان

کسی بھی کام کی کامیابی کا دارومدار اسکی بہترین منصوبہ بندی پر ہوتا ہے۔ کہ یہ کام کیوں کب اور کیسے کیا جائے گا۔ فوریکس ٹریڈنگ میں اس کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ ٹریڈنگ پلان میں سب سے پہلے آپ کے پاس کوئی سٹریٹیجی ہونی چاہیے۔ ڈیمو اکاؤنٹ میں آپ مختلف سٹریٹیجیز آزماتے ہیں مثلا" moving average کراس اوور، پرائس ایکشن، Bollinger Bands

یا کوئی اور۔ آخر آپ کسی نتیجے پہ پہنچتے ہیں کہ کونسی سٹریٹیجی آپ کیلئیے بہترین ہے جو بھی آپ کو سوٹ کرتی ہے جو ٹائم فریم آپکو سوٹ کرتا ہے، رسک مینجمنٹ میں کتنے پرسنٹ آپکو سوٹ کرتے ہیں، کب ٹریڈ میں انٹر ہونا ہے اور کب نکلنا ہے۔ ان سب کو لکھ لینا چاہئیے اور سختی سے ان پر کاربند رہنا چاہیئے۔ فوریکس ٹریڈنگ میں آرمی ڈسپلن کی طرح کا ڈسپلن ہونا بہت ضروری ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے ٹریڈرز کی اکثریت اس اہم موضوع کی طرف توجہ نہیں دیتی جس کی وجہ سے لگاتار نقصان کا سامنا ہوتا ہے۔

منی مینجمنٹ Money Management

فوریکس میں منی مینجمنٹ حد سے زیادہ اہمیت کا حامل باب ہے لیکن بد قسمتی سے ٹریڈرز کی اکثریت اس کو نظر انداز کر دیتی ہے جس کی وجہ سے دنوں میں تمام سرمایہ ختم ہو جاتا ہے۔ منی مینجمنٹ کو مختصرا" ہم MM لکھیں گے۔MM میں دو چیزیں خاص اہمیت کی حامل ہیں۔

سٹاپ لاس Stop Loss اگر پرائس آپ کی ٹریڈ کے مخالف سمت چلنے لگے تو آپ کا بیلنس کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور آپ کی ٹریڈ نقصان میں ہوتی ہے اس نقصان کو ایک حد میں رکھنا چاہیئے اس کو ٹریڈ رسک کہتے ہیں۔ ٹریڈ رسک کتنا ہونا چاہیئے اس کے مختلف طریقے ہوتے ہیں۔ سٹاپ لاس نہ تو اتنا کم ہونا چاہیئے کہ پرائس کی ذراسی مخالف سمت میں حرکت سے آپ کا سٹاپ لاس ہٹ ہو جائے اور ٹریڈ کلوز ہو جائے۔ اور نہ ہی اتنا زیادہ ہونا چاہیئے کہ اگر ٹرینڈ تبدیل ہو جائے یا Retracement ہو رہی ہو تو کافی نقصان کے بعد ٹریڈ کلوز ہو جائے۔ اس کے لئے Support اور Resistance کو بنیاد بنانا بہتر رہتا ہے یا پھر پچھلی کینڈل کی شیڈو۔ عام طور پر نئے ٹریڈرز یہ سمجھتے ہیں کہ آخر پرائس واپس آجائے گی اس لئے وہ سٹاپ لاس نہیں لگاتے۔ یہ بہت بڑی حماقت ہوتی ہے۔

لاٹ سائز Choosing Lot Size

کامیاب ٹریڈنگ کے لئے صحیح لاٹ سائز کا انتخاب کرنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ عموما" ٹریڈرز کسی

اندازے سے لاٹ سائز اختیار کرتے ہیں۔ اگر سمجھتے ہیں کہ ٹرینڈ اپ اور کنفرم ہے تو بغیر سوچے سمجھے اپنے بیلنس سے زیادہ لاٹ لگا لیتے ہیں اور اگر پرائس الٹ چلنا شروع ہو جائے تو چونکہ بیلنس کم ہوتا ہے اس لئے جلدی ختم بھی ہو جاتا ہے۔ لاٹ سائز اختیار کرنے کے لئے ایک فارمولا ذیل کی ویب سائٹ پہ موجود ہے اس کو ہر ٹریڈ سے پہلے استعمال کرنا چاہیئے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ کئی ٹریڈز میں نقصان کے بعد بھی مزید ٹریڈز کے لئے آپ کے پاس بیلنس بچا رہتا ہے اور آپ مارکیٹ سے باہر نہیں ہوتے۔ ویب سائٹ یہ ہے۔

www.earnforex.com/position-size-calculator

فوریکس کے فراڈ

دنیا میں جب کوئی ایسی نئ چیز متعارف ہوتی ہے جس میں پیسے کا لین دین ہو تو عقلمند فراڈیۓ بھی سرگرم عمل ہو جاتے ہیں۔ یہ فراڈیۓ خود تو فوریکس ٹریڈنگ میں ناکام ہوتے ہیں اس لئے دیگر ذرائعسے نوواردوں کو لوٹنے کے لئے نئ نئ پراڈکٹس متعارف کرتے رہتے ہیں۔ ذیل میں چند فراڈ کا ذکر کرتے ہیں۔

پرائیویٹ اکاونٹ مینیجرز

ان کے اشتہار بڑے پر کشش اور منطقی ہوتے ہیں۔ مثلا" آپ کو فوریکس کا نالج نہیں ہے یا آپ کے پاس ٹریڈنگ کے لئے وقت نہیں ہے تو فکر کی چنداں ضرورت نہیں ہمارے پاس تجربہ کار پروفیشنل ٹریڈرز ہیں جو لمبا تجربہ رکھتے ہیں۔ آپ سرمایہ کاری کریں ہر ماہ آپ کو توقعات سے بڑھ کر منافع ملتا رہے گا وغیرہ وغیرہ۔ بظاہر ایسے اشتہار منطقی لگتے ہیں مگر چند باتیں توجہ طلب ہیں۔

1 – آپ ان لوگوں کو جانتے تک نہیں اور نہ ہی ان تک رسائی ممکن ہوتی ہے۔

2 – جو اکاؤنٹس ہسٹری آپ کو دکھائی جاتی ہے وہ ان کی اپنی نہیں ہوتی۔

3 – شروع میں دو تین ماہ آپ کو منافع ملتا ہے پھر یکدم غائب ہو جاتا ہے۔

فرض کریں آپ ٹریڈنگ میں کمزور ہیں لیکن اچھی منی مینجمنٹ سے جو نقصان آپ چھ ماہ میں اٹھاتے ہیں وہ ان اکاؤنٹس مینیجرز کے ہاتھوں دو تین ماہ میں ہی اٹھا لیتے ہیں۔

اسکا یہ مطلب نہیں کہ تمام اکاونٹس مینیجرز ایک جیسے ہوتے ہیں۔ بلاشبہ کچھ اچھے بھی ہوتے ہیں نہایت ایماندار اور واقعی پروفیشنل بھی ہوتے ہیں مگر ایسے لوگوں کی پہچان کیسے ہو؟

ہاں اگر آپ کسی کو کافی عرصہ سے جانتے ہوں اور اسکی ٹریڈنگ سے مطمئن ہوں تو بھروسہ کیا جا سکتا ہے مگر ایسی صورت میں بھی اپنی جمع پونجی کا دس پندرہ فیصد سے زیادہ اس کے حوالے نہیں کرنا چاہئیے۔ کیونکہ اگر وہ شخص واقعی پروفیشنل ہے تو آپ کا تھوڑا سرمایہ بھی آہستہ آہستہ بڑھ جائے گا۔ یاد رکھیں باقی کاموں کی طرح فوریکس میں بھی لالچ آپ کا سب سے بڑا دشمن ہے۔

ابھی تک دنیا میں ایسا ٹریڈر پیدا نہیں ہوا جسکی تمام کی تمام ٹریڈز پازیٹو ہوئی ہوں۔

بروکرز کے مینجڈ اکاؤنٹس Managed accounts

کئی بروکرز بھی آپ سے مینجڈ اکاؤنٹس کے لئے ای میل اور ٹیلیفونک رابطہ کرتے ہیں اور پرکشش آفرز دیتے ہیں اور سبز باغ دکھاتے ہیں۔ چونکہ ان کا تعلق ٹریڈرز کے بروکر سے ہوتا ہے اس لئے ان کا یہ تعلق لوگوں کو پھنسانے کا کامیاب ترین طریقہ واردات ہوتا ہے۔

اگر پرائیوٹ اکاؤنٹس مینیجرز دو سے تین ماہ میں آپ کے سرمائے کا صفایا کرتے ہیں تو یہ لوگ دو ہفتوں سے کم عرصہ میں آپ کے سرمائے کا صفایا کر دیتے ہیں۔ یہ لوگ مینجڈ اکاونٹس کی رقوم الگ اکاؤنٹس میں رکھتے ہیں اور آپس میں بانٹ لیتے ہیں۔ ان کی پرتعیش لائف مہنگی گاڑیوں سے باآسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

روبوٹس یا EA

روبوٹس کمپیوٹر لینگوئج میں پروگرام ہوتا ہے جس میں ٹیکنیکل سگنلز فیڈ کئے جاتے ہیں اور بٹن دبا دیا جاتا ہے۔ پرائس آگے بڑھتی ہے پروگرامنگ کے حساب سے خودبخود ٹریڈز اوپن اور کلوز ہوتی رہتی ہیں۔ آپکا کمپیوٹر آن ہو یا آف، ٹریڈز آٹومیٹک طریقے سے اوپن کلوز ہوتی رہتی ہیں۔ پیچھے ہم ان عوامل کا ذکر کر چکے ہیں جو پرائس کو اوپر نیچے لے جاتے ہیں۔ مینوئل ٹریڈرز ٹریڈنگ کے وقت ان عوامل کو بھی مدنظر رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر جب Bollinger Bands مکمل طور پر سکڑ جاتے ہیں اور پرائس تنگ رینج میں آجاتی ہے تو سمجھ دار ٹریڈرز بالکل رسک نہیں لیتے۔ اس طرح نقصان سے بچے رہتے ہیں۔ مگر روبوٹس ان چیزوں کو کیسے جانچے؟ اسی طرح اہم اعلان سے قبل ٹریڈرز ٹریڈنگ کلوز کر دیتے ہیں اور اعلان کا انتظار کرتے ہیں۔ مگر روبوٹس میں ان اعلانات کی پروگرامنگ فیڈ نہیں کی جاتی اور روبوٹس اپنا کام پروگرامنگ کے مطابق کرتا رہتا ہے جس کی وجہ سے ٹریڈرز کافی نقصان اٹھاتے ہیں۔

سوچنے کی بات ہے کہ اگر روبوٹس اتنی کمائی کر کے دیں تو ان کو بنانے والے خود ارب اور کھرب پتی نہ بن جائیں۔ اور آگے بیچنے والے بھی راتوں رات امیر ترین بن جائیں۔

ان لوگوں کو ٹریڈنگ کرنی آتی نہیں لہذا اس قسم کی پروڈکٹس بنا بنا کر فروخت کرتے ہیں اور نئے ٹریڈرز کو الو بنا کر رقمیں بٹورنے کا دھندا کرتے ہیں۔ ثبوت کے طور پر لمبی بیک ہسٹری بھی دکھائی جاتی ہے۔ حالانکہ یہ ہسٹری رانڈم نمبرز ایکسل میں ڈال کر تیار کی جاتی ہے اور کبھی کسی نے

اس ہسٹری کو چیک کرنے کی زحمت بھی نہیں کی۔ کوئی بھی بیک ہسٹری مستقبل کی ٹریڈنگ کے منافع بخش ہونے کی ضامن نہیں ہو سکتی۔ پھر ان روبوٹس کی قیمت بھی کم رکھی جاتی ہے تاکہ زیادہ قیمت کی وجہ سے لوگ ہچکچاہٹ کا شکار نہ ہوں۔ حالانکہ ایک پروگرامر ایک روبوٹ تیار کرنے میں اتنی محنت صرف کرتا ہے جس کا آپ اور میں اندازہ نہیں کر سکتے۔ پھر اس کی قیمت اگر صرف تیس سے ہزار ڈالر ہو اور کمانے اس سے لاکھوں کروڑوں ہوں تو سیدھی سی بات ہے کہ ضرور دال میں کالا ہے۔

سگنلز Signals

میرے ذاتی تجربے کی بات ہے کہ نئے ٹریڈرز کی اکثریت فوریکس کی تعلیم حاصل کرنے کی بجائے جلد از جلد ٹریڈنگ کرنا چاہتی ہے۔ بروکرز اور affiliates کچھ اس قسم کے اشتہار دیتے ہیں کہ وہ سمجھنے لگتے ہیں کہ واقعی فوریکس ایسا کام ہے کہ ادھر بٹن دبایا ادھر ڈالر گرنا شروع ہو جاتے ہیں۔ مارکیٹ analysis کے لئے تعلیم اور تجربہ درکار ہوتا ہے جو ہر کسی کے پاس نہیں ہوتا اور نہ ہی اتنا وقت ہوتا ہے۔ ان کی آسانی کے لئے پروفیشنل Buy/ Sell سگنلز مہیا کرتے ہیں جو کسی قیمت پر اپنے کلائنٹس کو ای میل وغیرہ کے ذریعے بھیجتے ہیں۔ مارکیٹ میں بے شمار سگنل پرووائیڈر مل جاتے ہیں۔ یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ کسی بھی سگنل پرووائیڈر کے سگنل سو فیصد درست نہیں ہوتے۔ کسی کے زیادہ کسی کے کم اچھے نتائج دیتے ہیں۔

کون سے سگنل پرووائیڈر کی خدمات حاصل کی جائیں؟ اس کا انتخاب اتنا آسان نہیں ہوتا۔ کچھ فری سگنلز دیتے ہیں لیکن چونکہ یہ فری دیتے ہیں اس لئے یہ ذمہ داری سے مبرا ہوتے ہیں کبھی دل چاہا تو دے دیئے اکثر ناغہ کر جاتے ہیں۔

انتخاب کا اچھا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ جو سگنل پرووائیڈرز ٹرائل کی سہولت دیتے ہیں ان کے سگنلز ٹرائی کریں۔ یہ سات یا دس دن کے لئے بہت کم قیمت پر سگنلز مہیا کرتے ہیں جس سے آپ مطمئن ہوں اسکو سبسکرائب کر سکتے ہیں۔